منتقلی: اسکول جانے کے لیے ایک مثبت آغاز

ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈیولپمنٹ سٹیٹمنٹ (Transition Learning and Development Statement) کو مکمل کرنے میں خاندانوں کی مدد دینے کے لیے راہنما خطوط

اسکول جانے کے لیے مثبت آغاز کیوں ضروری ہے؟

اسکول کا مثبت آغازکرنے سے آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن سے اسکول اور مستقبل میں تعلیم کے حصول کے لیے بہتر طورپر سیکھنے اور خوشی محسوس کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ مثبت منتقلی سےآپ کے بچے کے سابقہ اور موجودہ تجربات کومزید استوار کرکے آپ کے بچے کے سیکھنے اور ترقی کے تسلسل میں بھی مدد ملتی ہے، تاکہ اسے محفوظ، پراعتماد اور جڑا ہوا محسوس ہونے میں معاونت مل سکے۔ اسکول کے لیے ایک مثبت آغاز انہیں مزید لچکدار بننے میں بھی مدد دے سکتا ہے۔

ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈیولپمنٹ سٹیٹمنٹ کیا ہے؟

ابتدائی بچپن کی خدمات، اسکول، اسکول کے اوقات سے باہر دیکھ بھال (OSHC) کی خدمات اور گھرانے بچوں کے سیکھنے اور تندرستی میں مدد کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ وہ ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈیولپمنٹ سٹیٹمنٹ (TLDS) کا استعمال کرتے ہوئے معلومات کا اشتراک کرتے ہیں۔ یہ بیان ابتدائی بچپن کی خدمت کے ذریعے ہر بچے کے لئے لکھا جاتا ہے جبکہ وہ اسکول منتقل ہوتے ہیں۔

TLDS کے ذریعے ابتدائی بچپن کی خدمات اور اسکولوں کے درمیان آپ کے بچے کے سیکھنے، نشوونما اور تندرستی کے بارے میں معلومات کا اشتراک کیا جاتا ہے۔ TLDS آپ کے بچے کی دلچسپیوں، مہارتوں اور صلاحیتوں کا ایک فوری جائزہ فراہم کرتا ہے اور آپ کے بچے کی مدد کے لیے انفرادی طریقوں اور تدریسی حکمت عملیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔

TLDS آپ کے بچے کا اسکول شروع ہوتے ہی اس کی تعلیم کو سمجھنے اور اس میں معاونت کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ TLDS میں موجود معلومات سے فاؤنڈیشن کے اساتذہ کو آپ کے بچے کو جاننے اور مناسب تدریسی پروگراموں کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اگر آپ کا بچہ OSHC میں ہوگا، تو TLDS وہاں بھی ان کے وقت کے لیے منصوبہ بندی کرنے میں مدد دیتا ہے۔

TLDS میں آپ کے بچے کا نام، تاریخ پیدائش اور تصویر کے ساتھ ساتھ آپ کا نام اور رابطے کی معلومات سمیت کچھ ذاتی تفصیلات ہوتی ہیں۔ اس میں ابتدائی بچپن کےدیگر پیشہ ور افراد کے نام اور رابطے کی تفصیلات بھی شامل ہوسکتی ہیں جنھوں نے آپ کے بچے کی مدد کی ہو۔

اپنے بچے کا TLDS مکمل کرنے میں تعاون کرنا اسکول منتقلی کی سرگرمیوں میں سے ایک ہے جس میں آپ اور آپ کا بچہ اسکول شروع ہونے سے پہلے ایک ساتھ حصہ لے سکتے ہیں۔

میں اپنے بچے کے TLDS تک کیسے رسائی حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟

آپ کے بچے کی ابتدائی بچپن کی خدمت آپ کو آن لائن TLDS ٹول کے لیے لنک دے گی۔ آن لائن TLDS کسی TLDS کو مکمل کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔

اگر آپ آن لائن ٹول استعمال نہیں کر سکتے ہیں، تو آپ اسکے بجائے ایک پیپر کاپی مانگ سکتے ہیں۔

میں نے TLDS کا کون سا حصہ بھرنا ہوتا ہے؟

حصہ *1* اور *1.1* . آپ کے بچے کے ابتدائی بچپن کے معلم نے پُر کرنا ہوتا ہے۔

حصہ *1.2* آپ کے بچے کے ابتدائی بچپن کے معلم کو اس وقت مکمل کرنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے جب آپ کے بچے کی نشوونما میں تاخیر ہوئی ہو یا اسےمعذوری لاحق ہو۔ آپ کے بچے کی مدد کرنے والے دوسرے پیشہ ور افراد بھی اس حصے میں معلومات کا اضافہ کر سکتے ہیں۔

حصہ *2: بچہ*، اسے آپ کے بچے نےکسی ایسے بالغ کے ساتھ مکمل کرنا ہوتا ہے جسے وہ اچھی طرح سے جانتا ہو۔ یہ آپ خود، یا بچوں کے ابتدائی بچپن کے معلم ہو سکتے ہیں۔

حصہ *3: خاندان*، اسے آپ نے مکمل کرنا ہوتا ہے۔ آپ کی رائے اہم ہے۔ اس حصے میں آپ کے بچے کی دلچسپیوں کے ساتھ ساتھ اسکول میں اپنے بچے کے لیے آپ کے خیالات اور امیدوں کا اشتراک کرنے میں مدد دینے کے لیے سوالات ہیں۔ ان سوالوں کے جواب دینے سے اساتذہ اور OSHC کے عملے (اگر قابل اطلاق ہو) کوآپ کے بچے کو ردعمل دینے اوراسے سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے، جس سے اس کے سیکھنے اور ترقی کے عمل میں معاون ملے گی۔

TLDS مکمل ہونے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

TLDS مکمل کرنے کے بعد، آپ کا ابتدائی بچپن کا معلم آپ کو اس کی ایک مکمل شدہ کاپی دے گا۔

آپ کا ابتدائی بچپن کا معلم آپ کے بچے کے اسکول اور OSHC سروس (اگر قابل اطلاق ہو) کے ساتھ مکمل شدہ TLDS کا اشتراک بھی کرے گا۔

اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ آپ کا بچہ کس اسکول میں جائے گا، تو آپ کا ابتدائی بچپن کا معلم آپ کو TLDS کی ایک دوسری کاپی فراہم کرے گا۔ جب آپ اپنے بچے کا اندراج کرواتے ہیں تو آپ یہ کاپی اس اسکول کو دے سکتے ہیں۔

اگرآپ حصہ 3 مکمل نہیں کرتے ہیں *: خاندان*، تو آپ کے بچے کا ابتدائی بچپن کا معلم تب بھی دوسرے مکمل شدہ حصوں کا اسکول اور OSHC سروس (اگر قابل اطلاق ہو) کے ساتھ اشتراک کرے گا اور آپ کواشتراک کردہ معلومات کی ایک کاپی دے گا ۔

اسکولوں میں کی گئی تحقیق اور آراء سے پتہ چلا ہے کہ ان معلومات کےاشتراک سے اسکول میں کامیابی سے منتقل ہونے میں معاونت ملتی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کے TLDSکا اسکول کے ساتھ اشتراک کرنا پسند نہیں کرتے، تو براہ کرم اپنے بچے کے ابتدائی بچپن کے معلم سے اس پر بات کریں۔

مناسب اور محفوظ معلومات سے وکٹوریہ کے تعلیم اور نگہداشت کے پیشہ ور افراد کو بچوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے درکار علم اور معلومات حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں https://www.vic.gov.au/information-sharing-schemes-and-the-maram-framework

مزید معلومات کے لیے

مزید جاننے کے لیے، آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ www.vic.gov.au/transition-school-resources-families

یہ معلومات کمیونٹی کی متعدد زبانوں میں بھی اسی لنک پر دستیاب ہیں:

www.vic.gov.au/transition-school-resources-families